تالیف

محمد سعید اسعد

فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ٥ پاکستان

17

ضیاء العقائد

تالیف
محمد سعید اسعد
فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

زیرِ اہتمام
ادارۂ ضیاء المصنفین

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : ضیاء العقائد 85109
مصنف : مولانا محمد سعید اسعد
فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف
زیر اہتمام : ادارہ ضیاء المصنفین، بھیرہ شریف
تاریخ اشاعت : جون 2011ء بار سوم
ناشر : ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
تعداد : ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ : DR52
قیمت : -/111 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 37221953 فیکس:۔ 042-37238010
9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 37247350 فیکس: 37225085
14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی
فون: 021-32212011-32630411 فیکس:۔ 021-32210212
e-mail:- info@zia-ul-quran.com
Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(1)

عَنۡ عُمَرَ بۡنِ الۡخَطَّابِ رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنۡہُ قَالَ

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

اَلۡاِسۡلَامُ اَنۡ تَشۡھَدَ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوۡلُ اللّٰہِ وَتُقِیۡمَ الصَّلٰوۃَ

وَتُؤۡتِیَ الزَّکٰوۃَ وَتَصُوۡمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الۡبَیۡتَ اِنِ اسۡتَطَعۡتَ اِلَیۡہِ سَبِیۡلًا

اَلۡاِیۡمَانُ

اَنۡ تُؤۡمِنَ بِاللّٰہِ وَمَلَآئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ

وَتُؤۡمِنَ بِالۡقَدۡرِ خَیۡرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

وَفِیۡ رِوَایَۃِ ابۡنِ عُمَرَ: وَالۡبَعۡثِ بَعۡدَ الۡمَوۡتِ

Marfat.com

شرعی اصطلاحات

اسلام

لغوی معنیٰ: سر جھکانا ہے

شرعی معنیٰ: اس بات کی زبان سے گواہی دینا اور دل سے اس کی تصدیق کرنا کہ:

(۱) اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

(۲) حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندۂ خاص اور برگزیدہ رسول ہیں۔

(۳) نماز قائم کرنا۔ (۴) زکوٰۃ ادا کرنا (۵) حج کرنا۔

(۶) ماہ رمضان کے روزے رکھنا۔

س:۔ اسلام کا کلمہ کیا ہے:

ج: اسلام کا کلمہ "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ"۔ ہے

"اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں"۔

ایمان

وہ تمام امور جو نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ان سب کی تصدیق کرنا اور دل سے ماننا ایمان کہلاتا ہے۔

مسلمان

دین اسلام کی پیروی کرنے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

کافر

جو شخص اسلام کو سچا دین نہ مانے، عقائد اسلامی کے خلاف عقیدہ رکھے، حضور ﷺ کے لائے ہوئے احکام اور شعائر اللہ کی تکذیب کرے وہ کافر کہلاتا ہے۔

Marfat.com

س:۔ کافر کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج:۔ کافر کی پانچ قسمیں ہیں:

مشرک، کتابی، زندیق، مرتد، منافق۔

مشرک:۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کی ذات وصفات میں کسی اور کو شریک کرے، غیر اللہ کو مستحق عبادت و پرستش تسلیم کرے، مشرک کہلائے گا۔

کتابی:۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی دوسری نازل کردہ کتابوں کا بطور نزول اقرار کرے لیکن قرآن کا بطور کتاب اللہ انکار کرے۔

زندیق:۔ جو کسی دین کا پیرو کار نہ ہو۔

مرتد:۔ اسلام کا کلمہ پڑھ کر جو شخص زبان سے کفریہ کلمات کہے یا اسلام سے بیزاری کا اظہار کرے یا ضروریات دین میں سے کسی کا انکار کرے، مرتد کہلائے گا۔

منافق:۔ جو شخص ظاہری طور پر اسلام کے تمام امور ادا کرتا ہے لیکن دل سے ان کا انکار کرتا ہے۔

Marfat.com